231735 ـ بیٹا اپنی ضرورت میں سے صرف 20 فیصد ماں کا دودھ پیتا ہے تو کیا ماں روزے چھوڑ سکتی ہے؟

سوال

سوال: میرے بیٹے کی عمر تقریباً ایک ماہ ہے اور وہ اپنی ضرورت کا 20 فیصد دودھ میرا پیتا ہے ؛ کیونکہ دودھ کی مقدار کم ہے، اور بقیہ خوراک ڈبے کے دودھ سے پوری کی جاتی ہے، نیز میں ایسے ملک میں رہتی ہوں جہاں روزے کا دورانیہ 17 گھنٹے ہے، تو میرے لیے روزے کا کیا حکم ہے؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

میں نے یہ سوال اپنے شیخ عبد الرحمن البراک حفظہ اللہ کے سامنے رکھا تو انہوں نے کہا:
"وہ روزہ چھوڑ دے اور چھوٹے دنوں میں روزے رکھ لے" انتہی

مزید کیلیے سوال نمبر: (49794) کا مطالعہ کریں۔

واللہ اعلم.